ہماری جملہ مطبوعات پاکستان میں نورانی بک سٹال
نزد نگار سینما لارنس روڈ کراچی سے خرید کریں

کے امرناتھ پروڈکشنز کا تیار کردہ

BY O.P. Nayyar

اداکاران
نلنی جیونت ہیرالال
شمی کپور وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

نمبر۱ — محبوبہ کے

مختصر سی ہے میری کہانی۔ ذرا سُن لو بڑی مہربانی
کہا میں نے محبّت نہ کرنا۔ میری ایک بھی دِل نے نہ مانی
ذرا سُن لو......
بڑا بے درد ہے وہ زمانہ جسے کہتی دنیا جوانی
ذرا سُن لو......
نظریں کہتی ہیں دِل کا فسانہ یہ ہے اُلفت کی پہلی نشانی
ذرا سُن لو......

نمبر۲ — رشید:- آئے جائے آنکھ بچانا۔ گھڑی گھڑی پھر دل میں آنا
ہائے رے تیرا جواب نہیں
محبوبہ:- نازک دِل ہر روز جلانا۔ جو نہ کہوں وہ بھی کہلانا
ہائے رے تیرا جواب نہیں
رشید- دِل کی دھڑکن سُن تو بے وفا ہر دم تیرا نام لے
محبوبہ:- دِل کی دھڑکن کو سمجھا دو صبر سے ذرا کام لے
رشید- اُلٹی سیدھی بات بنانا- ادا ادا سے دِل تڑپانا
ہائے رے تیرا جواب نہیں
محبوبہ- نازک دِل پر......
رشید- بتلانی اک بات چاہوں میں پھر بھی نہ بتلا سکوں
رشید- کچھ تو منہ سے بول رے ظالم کب تک تیری راہ تکوں
محبوبہ- خاموشی خود ہے افسانہ- تجھے پڑا یہ بھی سمجھانا
ہائے رے تیرا جواب نہیں

رشید:۔ آتے جاتے ...
سب کچھ تیرا تو میرے لئے کہہ دے مجھے اقرار ہے
محبوبہ: سب کچھ سمجھا پھر بھی نہ کہنا یہ خبر ہی پیار ہے
رشید:۔ چپکے چپکے پیار نبھانا۔ کھلے کھلے دشمن بن جانا
ہائے رے تیرا جواب نہیں

محبوبہ:۔ نازک دل پہ زور چلانا ...
دونوں:۔ ہائے رے تیرا جواب نہیں ہائے رے تیرا جواب نہیں
بند:۔ رشید:۔ اجی ہے ہم کو تم سے پیار
محبوبہ:۔ تو ہوگا میں کیا جانوں
رشید:۔ اب جانا بھی ہے دشوار
محبوبہ:۔ تو ہوگا میں کیا جانوں
رشید:۔ کھویا کھویا آج تیری آنکھوں میں کیوں ہے
محبوبہ:۔ بہکا بہکا انداز تیری باتوں میں کیوں ہے
رشید:۔ مہرباں کیوں ہیں تیری ادائیں
محبوبہ:۔ ہم یہ باتیں کیوں تجھے بتائیں
رشید:۔ اجی یہ بھی ہے اقرار۔ اب جینا بھی ہے دشوار
محبوبہ:۔ تو ہوگا میں کیا جانوں
رشید:۔ بن تیرے تنہا رہیں کٹتی ہیں راتیں
محبوبہ:۔ چھوڑو چھوڑو تکرار کرو مت ستم کی باتیں
رشید:۔ اسی ادا کا میں ہوں دیوانہ
محبوبہ:۔ دیکھو دیکھو ہوش نہ گنوانا
رشید:۔ میرا دل ہے تیرا بیمار اب جینا بھی ہے دشوار

محبوبہ:- تو ہو گا میں کیا جانوں

نمبر ۸:- مے کی مستی اور ہے آنکھوں کی مستی اور ہے
پینے والے ہوش میں رہنا پہلا پہلا دور ہے
میری اداؤں سے ہے پہلا پہلا سامنا
میرے دامن کے بدلے دل نہ پڑے تھامنا
جاگتے ہی رہنا بعد میں نہ کہنا
اچھی آنکھوں والوں کی محفل کا اُلٹا طور ہے
مے کی مستی ......
جتنی یہ زلفیں ہیں لمبی اتنی لمبی رات ہے
ابھی سے کھوئے تو پھر جیتی بازی مات ہے
جاگتے ہی رہنا بعد میں نہ کہنا
دیکھو سمجھاتی ہوں میں کالا ہے کچھ دال میں
ابھی شکاری آجاتا ہے اپنے جال میں
جاگتے ہی رہنا......
اچھی آنکھوں والوں کی محفل کا اُلٹا طور ہے
مے کی مستی....

نمبر ۹:- آ کی اب آتا نہیں دل کو قرار
راہ تکتے تھک گیا ہے انتظار
کس قدر بےچین ہے دنیا میری
دل کی دھڑکن میں ہے آہٹ تیری
آرزوئیں ہو رہی ہیں بے قرار.... آ کی اب....
دل صدائیں دے رہا ہے تو کہاں منتظر ہے چاند تارے آسماں

یہ ہوائیں یہ صدائیں یہ بہار۔۔۔ آگئی اب۔۔۔
ساتھ تیرے وہ ہنسی راتیں گئیں۔ پیار کی رنگیں ملاقاتیں گئیں
رہ گیا ہے درد جنکی یادگار۔۔۔۔ آگئی اب۔۔۔۔

نمبلہ:۔ بانکا وہ صنم میری روکے راہیں ڈالکے نگاہیں جادو کر گیا
نظروں سے ٹکرائے نظر تو دل کا بچانا کیسا
اپنی تو دنیا ہی بدل گئی ہوش میں آنا کیسا
جادو کر گیا۔۔۔۔۔ بانکا وہ صنم۔۔۔۔
آن کے اس نے بانکی ادا سے سب کچھ میرا چھینا
دل میں ڈنکھا درد اٹھا کے مشکل کر گیا جینا
جادو کر گیا۔۔۔۔ بانکا وہ صنم۔۔۔۔
منہ سے کیسے ہائے نہ نکلے جان نہیں قابو میں
جس دل پر تھا ناز مجھے وہ دل نہ رہا پہلو میں
جادو کر گیا۔۔۔۔ بانکا وہ صنم۔۔۔

نمبلہ:۔ جو دل کے مالک ہیں مہمان بنکے آنے والے ہیں
میری راتوں کو دیکر چاندنی چمکانے والے ہیں
ہنسی آئی لبوں پر کھل رہی ہیں پیار کی کلیاں
میرے پیار کی تنہائی کی محفل سجانے والے ہیں
جو دلکے۔۔۔۔
وہ اپنی مست آنکھوں میں محبت کی شمع لیکر
شمع کو بھی آ کر پروانہ بنانے والے ہیں
جو دلکے مالک۔۔۔۔
ارادے دل نے باندھے اور نظر نے خواب سے دیکھے

میرے ارمانوں کی دُنیا دہ بسانے والے ہیں

جو دیکھے مالک......

نمبر ۸:۔ اے جی جانِ من اپنے سیے یوں نظریں چُرانا چھوڑ دو
اے جی جانِ من
نظریں چُرانا چھوڑ دو ہمکو ستانا چھوڑ دو اے جی جان من
ٹکڑے ہے دِل زخمی جگر ہم کچھ نہیں کہتے مگر
تم پہ سیے کوئی مر مٹا تم نے نہ ڈالی ایک نظر
اتنی تمہیں فرصت نہیں ایسا بھی کیا اے گلبدن
اے جی جان من
تم کو خبر کیا عشق میں کٹتی ہے کیسے زندگی
کِس کِس تمنا کا لہو کر کے لبپہ آتی ہے ہنسی
آؤ ابھی دیکھو کبھی ہوتی ہے کیا دِل کی لگن
اے جی جان من
خوابوں میں تم کھوئے رہو۔ راتوں کو ہم آہیں بھریں
یہ عشق آخر عشق ہے تم کیا کرو ہم کیا کہیں
تم کیا کرو ہم کیا کریں اُلٹا ہے اُلفت کا چلن
اے جی جان من

نمبر ۹:۔ آتے جاتے آنکھ بچانا گھڑی گھڑی پھر دِل میں آنا
ہائے رے تیرا جواب نہیں...
محبوبہ:۔ نازک دِل پر زور چلانا جو نہ کہوں وہ بھی کہلانا
ہائے رے تیرا جواب نہیں...
مُٹھو:۔ کیوں تھمی تیری زندگی کام کیا میرے بغیر

رشید:- ساری دنیا ہی ویران تھی صرف ایک تیرے بغیر
محبوبہ:- روٹھ روٹھ خود ہی تو آنا۔ روٹھ کے پھر خود ہی من جانا
ہائے رے تیرا جواب نہیں...
دونوں:- ہائے رے... ہائے رے...

ختم شُد

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دُکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے حقہ تمباکو، بیڑی، سگریٹ، سگار، سرتی، زردہ، تیار مصالحہ دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور ترکیبیں وطریقے درج ہیں۔ قیمت صرف ۱۰/۔ علاوہ محصولڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسی لیے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کیے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۸ محصولڈاک معاف

کمپونڈرز گائیڈ

کمپونڈر کے فرائض مرض کی تشخیص نسخہ دوا بنانے کی ترکیب وہدایات، انگریزی پیمانے مختلف انگریزی ادویات کے اصلی نسخے۔ غرض یہ کتاب مکمل رہنمائے کمپونڈران ہے۔ قیمت مکمل تین حصے صرف ۱/۱۰ محصولڈاک معاف

مکمل مرغی خانہ

دیہاتوں یا شہروں میں مرغی خانہ کھولکر مرغیوں وانڈوں سے سینکڑوں روپیہ کمانے کے راز مرغیوں کی پرورش کرنا۔ انڈوں سے بچے نکالنا۔ مرغیوں کے امراض اور ان کا علاج اور اس کام سے دولت کمانے کے ڈھنگ

قیمت مکمل تین حصے صرف ۱/۷ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ:۔ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی